لا فتیٰ الا علی لا سیف الا ذوالفقار

Rampur State Gazette

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۳۴	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ یکم ربیع الاول ۱۳۴۱ھ مطابق ۲۳ اکتوبر ۱۹۲۲ء	نمبر ۴۲

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	تقرر غلام ناصر خاں صاحب۔	۱
۲	تعین تعداد تعطیلات و محافل دربار سالگرہ۔	۲
۳	تعیین وقت و مقام دربار سالگرہ۔	״
۴	تقسیم تنخواہ بزمانۂ تعطیلات۔	״
۵	تبادلہ ڈپٹی مجسٹریٹ صاحب بعہدہ ممبر بورڈ آف ٹرسٹ۔	״
۶	رخصت سپرنٹنڈنٹ صاحب جنگل۔	״
۷	رخصت انسپکٹر صاحب چنگی۔	״
۸	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

تقرر

۱۴ اکتوبر ۱۹۲۲ء

حسب استدعا صاحب سکریٹری بہادر تعمیرات وصنعت وحرفت۔ غلام ناصر خاں صاحب کی تقرر بعہدہ ہیڈ کلرک دفتر بشاہرہ نوّے روپیہ ماہوار از یکم اکتوبر ۱۹۲۲ء سے منظور فرمایا گیا۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۵ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

دربار سالگرہ کی تعطیل من ابتداء ۱۵ر ربیع الاول سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۵ نومبر سنہ ۱۹۲۲ء سے شروع ہوگی اور پانچ تعطیلیں ہونگی۔ ۱۵ر ربیع الاول سے پانچ تعطیلیں ہونگی۔

۲۔ سلامی سالگرہ حسب قاعدہ توپخانہ سے ۱۵ر ربیع الاول سنہ ۱۳۴۱ھ کو طلوع آفتاب کے بعد سر کیجائے

حکم ہوا کہ

احکام جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۹ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

بتاریخ ۱۰ر ربیع الاول سنہ ۱۳۴۱ھ مطابق ۲ر نومبر سنہ ۱۹۲۲ء چار بجے شام کو بمقام خاص باغ [illegible] دربار سالگرہ منعقد ہوگا۔

حکم ہوا کہ

احکام اطلاعی جاری ہوں

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۷ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

۱۳ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء سے ۱۰ر نومبر سنہ ۱۹۲۲ء تک سلسلہ وار تعطیل ہے تقسیم تنخواہ کی ضرورت سے ۳۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء اور یکم نومبر سنہ ۱۹۲۲ء کو خزانہ صدر کھولا جائے اور تنخواہ تقسیم کردیجائے۔

حکم ہوا کہ

احکام جاری ہوں۔

روبکار اجلاس ہمایون بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم
واقع ۱۷ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

بنظر مناسب

حکم ہوا کہ

بابو ماتا پرشاد ڈپٹی مجسٹریٹ انہار کا تبادلہ صیغۂ انہار سے بعہدہ ممبر بورڈ آف آڈٹ کیا جائے۔ جو تنخواہ صیغۂ انہار میں پاتے ہیں آیندہ بھی آڈٹ سے پائینگے۔ عہدہ ڈپٹی مجسٹریٹ انہار تخفیف کیا جائے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

ملخص احکام اجلاس صاحب ہوم سکریٹری بہادر

رخصت
۱۱ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ میونسپل افسر صاحب - رخصت رعایتی [illegible] صاحب چنگی کی بہ عہدہ داری [illegible] منظور ہوئی۔

رخصت
۱۴ر اکتوبر سنہ ۱۹۲۲ء

حسب رپورٹ صاحب میونسپل افسر - رخصت یک ماہ صاحبزادہ سید محمد شجاع اللہ خاں انسپکٹر چنگی متعینہ چوکی ریلوے کی بعوض [illegible] بغرض زیارت اجمیر شریف منظور ہوئی - اور حسب قاعدہ کونسل [illegible] بھی رخصت حاصل کرینگے ہدایت کی گئی۔